ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر غیر معمولی سیکیورٹی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔آئی جی سندھ

کراچی 13 اکتوبر 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے تمام ڈی آئی جیز کو جاری رہنما ہدایات میں کہا ہے کہ چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر متعلقہ اضلاع کے لحاظ سے غیر معمولی سیکیورٹی اقدامات پر مشتمل کنٹی جینسی پلان پر عمل درآمد کو ہر سطح پر یقینی بنایا جائے قبل ازیں پاکستان رینجرز سندھ اور دیگر قانون نافذ کرنیوالے اداروں سے روابط کو ممکن بنایا جائے تا کہ سیکیورٹی کے مجموعی امور پر عمل درآمد کے تحت تمام مجالس , جلوسوں سمیت مرکزی اجتماع گاہوں پر اور دیگر مقامات پر عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ تمام تھانہ جات سندھ اور بالخصوص کراچی کی سطح پر روزانہ کی بنیاد پر رینڈم اسٹیپ چیکنگ کو یقینی بنایا جائے اور اس سلسلے میں تھانہ ٹو تھانہ مربوط روابط اور ممکنہ جرائم کے حوالے سے معلومات کی شیئرنگ لازماً کی جائے تا کہ فوری کاروائیوں کی بدولت جرائم پیشہ عناصر کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا جا سکے۔

انہوں نے کہا کہ علاقوں میں انٹیلی جینس بڑھانے کیساتھ ساتھ موبائل , موٹر سائیکل گشت , داخلی و خارجی پوائنٹس پر پکٹنگ سمیت مرکزی مساجد , امام بارگاہوں , مزارات , درگاہوں کے علاوہ اقلیتی برادری کے مذہبی مقامات پر تمام تر حفاظتی اقدامات کو مزید سخت کیا جائے۔

انہوں نے کہا کہ اسٹیپ چیکنگ پوائنٹس اور پیٹرولنگ کے عمل میں بالخصوص مساجد، امام بارگاہوں وغیرہ کے علاوہ مرکزی شاپنگ سینٹرز , مارکیٹوں , صنعتی و تجارتی زونز اور پر ہجوم پبلک مقامات اور اہم تنصیبات و عمارتوں کو لازمی طور پر فوکس کیا جائے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔